© rasailojaraid.com



# عربی کا اثر انگریزی پر

ڈاکٹر ابوالفضل بخت روان
پی۔ ایچ۔ ڈی۔ جامعہ بغداد

میں بغداد یونیورسٹی میں عربی زبان میں پی۔ ایچ۔ ڈی کر کے واپس وطن اس خیال سے آیا کہ ملک میں عربی زبان کی کچھ خدمت کر سکوں۔ لیکن اس زبان کے دشمن اب بھی کلیدی عہدوں پر فائز ہیں۔ وہ پاکستانی مسلمانوں کو اپنی دینی زبان اور ثقافت کے قریب نہیں آنے دیتے۔ یہ لوگ انگریزی زبان اور ثقافت کو فروغ دینے میں دن رات مصروف عمل ہیں۔ آج کل پبلک سکولوں کی ایسی بھرمار ہے کہ لادینی عہد میں بھی ایسی نہ تھی۔ ان سکولوں کا واحد مقصد ہمارے بچوں کو یورپ کی لادینی تہذیب کے قریب تر لانا ہے۔ دوسری طرف معدودے چند دینی مدارس ہیں جو اپنے محدود وسائل کے دائرے میں کوشش کر رہے ہیں کہ مسلمان اپنے دینی ثقافتی ورثے سے ہمکنار ہو سکیں۔

مقالہ "عربی کا اثر انگریزی پر" میں میں نے یہ ثابت کیا ہے کہ انگریزی زبان بھی عربی کے اثر سے باہر نہیں اور اپنے انگریزی خوان طبقے پر واضح کر دیا ہے۔ کہ عربی اتنی حقیر نہیں جتنی کہ یہ لوگ سمجھتے ہیں۔ عربی سیکھ کر دیگر زبانوں پر ہم سبقت حاصل کر سکتے ہیں۔

پاکستان کے اندر اور باہر آپکا مجلّہ کثرت سے پڑھا جاتا ہے۔ اس سے قارئین پر واضح ہو جائے گا کہ اُمّ الالسنۃ تو صرف عربی زبان ہے۔ (ڈاکٹر ابوالفضل بخت روان)

---

**مقدمہ:**۔ عربی ایک عالمگیر اور بین الاقوامی زبان ہے۔ کسی قوم کی ترقی اور تنزّل سے اسکی زبان متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتی۔ یہی حال عربی کا ہے۔ جب امۃ اسلامیہ روحانی اور مادی ترقیوں کی بلندی پر تھی تو قومی اور مذہبی زبان کا یہ حال تھا کہ بچہ بچہ گلی کوچوں میں مزے لے لے کر اس کے اشعار پڑھتا تھا۔ زبان دانی کیلئے صرف و نحو کا بے انتہا ذخیرہ وجود میں آیا۔ ایک ایک معنی کیلئے چار سو تک الفاظ استعمال کئے گئے۔ اپنی اسلامی زبانیں تو درکنار



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مغرب کی زبانیں بھی اس سے متاثر ہوئیں، لیکن انگریزی استعماری قوتیں جسطرح امۃ اسلامیہ کی کثیر آبادی پر مسلط ہوئیں اس طرح ہماری اسلامی زبان عربی کی بیخ کنی پر مصر ہوئیں۔ اس وقت جو عربی زبان اور اسکی ثقافت باقی ہے، وہ دینی مدارس کی برکات کی وجہ ہے۔ ہماری علاقائی زبانیں اور قومی زبان انگریزی زبان سے اتنی متاثر ہوئیں کہ ایک انگریز فخریہ طور پر لکھتا ہے کہ پاکستانی ہندوستانی زبانوں میں مشکل سے کوئی ایسی زبان ملے گی جس کے ہر جملے میں انگریزی کا کم از کم ایک لفظ استعمال نہ ہوا ہو۔ یہ درجہ چند صدی پہلے عربی کو حاصل تھا۔ جو انگریز نے اپنی زبان کو دلایا۔ آج پاکستانی پشتو بولنے والا، افغانی پشتو کو کلیۃً سمجھنے سے قاصر ہے اور اس کے برعکس افغانی بھی، کیونکہ افغانستان کی پشتو عربی سے متاثر ہے۔ اور پاکستانی انگریزی سے۔

متذکرہ بالا عنوان کے تحت میں نے کافی کاوش و محنت سے انگریزی کے تقریباً چار سو الفاظ عربی کے الفاظ و کلمات کے قریب بتلائے ہیں، اور ثابت کیا ہے۔ کہ معمولی تغیر و تبدل کے ساتھ انگریزی کلمات معناً و شکلاً عربی مصادر و ماخذ سے مستخرج ہیں۔ ایک انگریز کا کہنا ہے کہ انگریزی کے بنیادی کلمات ایک ہزار ہیں۔ پھر تو نصف انگریزی زبان عربی زبان کی مرہون منت ہوگئی۔

آیئے! آج سے عہد کریں کہ عربی زبان کے الفاظ پھر سے قومی اور علاقائی زبانوں میں انگریزی الفاظ کی بجائے استعمال کریں۔

میں نے اپنے ایچ۔ ڈی کے مقالہ میں جو جامعہ بغداد نے چھاپا ہے۔ اور جس کا عنوان تأثیر اللغۃ العربیۃ علی اللغات الباکستانیۃ ہے۔ مذکورہ تاثر کو وضاحت کے ساتھ بیان کی ہے۔

حَدَث ــ کا معنی حقیر، فضول کے مقابلہ میں ABASSE انگریزی کا لفظ اسی معنی کو متضمن ہے۔
عربی کے حروف ح۔ ہ۔ ا۔ ع وغیرہ انگریزی کے A میں بدل جاتے ہیں۔

هَبَط ــ کا معنی گرنا۔ هبوط الطائرۃ۔ ہوائی جہاز کا اترنا۔ اسی کا ہم شکل و ہم معنی لفظ ABATE ہے۔

اِبَابَہ ــ ولدیت کی نسبت، باپ ہونا۔ انگریزی میں ABBOT جسکا اطلاق روحانی باپ یعنی پادری پر ہوتا ہے۔

اَبَد ــ ابد الاباد۔ ہمیشہ انگریزی میں ABIDE ہے۔

عَبُوس ــ ناراض، برہم۔ انگریزی میں اسی نسبت سے ABUSE گالی کو کہتے ہیں۔

أخذ ــ کا معنی ہے پکڑنا۔ الزام میں پکڑنا ACCUSE ملزم اسی مناسبت سے استعمال ہوتا ہے۔

اعَادہ ــ کا معنی ہے دوبارہ کرنا۔ پیچھے سے اضافہ کرنا۔ اسی معنی کو ADD بھی ادا کرتا ہے۔

اَدْرَس ــ کسی کو پڑھانا سمجھانا۔ خطبہ دینا ADDRESS بعینہ یہی معانی ہے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اَدْبَرَ — پیچھے مڑا۔ زوال آیا۔ ADVERT اور ADVERSAL کا یہی مفہوم ہے۔

بَرَم — ابرام : مضبوط کرنا، اس کا ہم معانی وہم شکل AFIRM ، FIRM۔

عَجِلَ ، عجلہ — دونوں کا معنی ہے جلدی کرنا۔ ان کے مترادف AGILE ۔ AGILITY ۔

اجاج ، الأجة — گرمی کا شدت اختیار کرنا۔ جنگ میں تیز کرنا۔ AGITATE

اجراء — جاری کرنا۔ متفق ہونا۔ اسی معانی کو AGREE ادا کرتا ہے۔

أیَّدَ الله — اللہ نے مدد کی۔ یَد (ہاتھ) جمع اید بمعنی مدد بھی استعمال ہوتا ہے۔ اسی کا مترادف معناً وشکلاً AID ہے۔

علیل — بیمار ہونا AIL اسی کا مشابہ ہے دونوں لحاظ سے۔

اَلْوَّ — اَلَاَ۔ قسم کھایا۔ لفظ ALOES اسی کا ہم خیال ہے۔

الیف — دوست۔ طرفدار۔ ALLY وہی معنی۔

آمین — کسی بات کی تصدیق کرنا یہ لفظ ہوبہو انگریزی میں مستعمل ہے۔ انگریزی محاورہ —— ALL GOOD AND GOD SAY AMEN (تمام اچھی باتوں کا اللہ تصدیق کرتا ہے۔)

عَنَی — تکلیف دینا۔ ANNOY اس کا مترادف۔

عتیق — قدیم ANTIQUE کا یہی معانی ہے۔

عاشر — سیدھا چلنے والا۔ اس لئے اس پر تیر کا اطلاق بھی ہوتا ہے۔ ARROW۔

الصعود — چڑھنا ASCEND کا بھی وہی معانی ہے۔

السعی — کوشش ASSAY میں وہی مناسبت موجود ہے۔

اثاث ، اثاثة — دولت، ملکیت یہ یہی مفہوم ASSET میں بھی ہے۔

الشمل — شامل ہونا، اکٹھا ہونا ASSEMBLY اجتماع کو کہتے ہیں۔

الصولة — اچانک حملہ کرنا۔ یہی مقصد ASSAULT بھی ادا کرتا ہے۔

استحوش — وحشت زدہ ہونا۔ حیران ہونا ASTANISH کا وہی مفہوم ہے۔

بَدّ — استبداد، ظلم، برائی BAD۔ وہی معانی۔

بَلَاءٌ — مصیبت، ہلاکت BALE اسی معانی کو سموئے ہوئے ہے۔

بَلَق — غیر آباد زمین (ارض بلقاء) BALK کا قریباً یہی معانی ہے۔

بَلْسِم — بلسم کا تیل معروف ہیں انگریزی میں BALSOM نے ادا کیا ہے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وَرَقَ — چھلکا۔ پوست BARK اس کا معانی بھونکنا بھی ہے۔ اور چھلکا اُتارنا بھی ہے۔

بَرمِیل — پیپہ۔ BARREL میں کوئی خاص فرق نہیں۔

بطُولۃ — بہادری۔ بطل بہادر۔ اسی نسبت جنگ کو انگریزی میں BATTLE کہتے ہیں۔

بِئسَ — بُرا۔ BASE کمینے۔ بُرے شخص کو کہتے ہیں۔

بَتّ — کاٹا۔ اسی معانی کو BITE متضمن ہے۔

بَلَق — سفید سیاہ داغ لفظ BLACK اس کے قریب ترین ہے۔

بَدَنْ — جسم انسانی لفظ BODY اس کا ہم معنی وہم شکل ہے۔

نباتی — پودوں کے متعلق علم کو علم نباتی یا BOTNY کہتے ہیں۔

وَکَز — مکا مارنا BOX بوکز کا بھی یہی معانی ہے۔

فریق — فرق کرنے والا۔ توڑنا BREAK وہی معانی۔

بَکَلّ — بکسوہ لگانا BUCKLE اسی کا مترادف ہے۔

بَق — کھٹمل BUG (انگریزی میں G کو عربی ق۔ ک۔ ج سے بدلا جاتا ہے۔)

بوق — بگل BUGLE۔

بَرّ — خشکی، زمین BURRY زمین کے اندر دفن کرنا۔

بوس — بوسہ لینا BUSS اس کا ہم معانی ہے۔

البتۃ — البتہ۔ لیکن لفظ BUT اس کا قریب المعانی ہے۔

حبل — رسی۔ CABLE رسی کی شکل میں۔ ٹیلیفون۔ برقیان وغیرہ۔ کے تار جو زمین کے اندر یا سمندر میں بچھائے جاتے ہیں۔

کَعْک — کیک CAKE۔

کِلْس — چونا CALCIAM۔

قال — بات کہی۔ القول بات کرنا CALL پکارنا۔

سلام — امن۔ خاموشی CALM خاموشی۔

جَمَل — اونٹ۔ CAMEL۔

قوانین — قانون کا جمع CANNON وہی مفہوم ہے۔

کافور — کافور۔ انگریزی میں CAMPHOR کا وہی معانی۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قبّ ـــ سر۔ ابھری ہوئی جگہ CAP ٹوپی انگریزی کی P عربی کی ب کے مساوی ہے۔

قابل ـــ لائق ( CAPABLE )

قبض ـــ گرفتار کرنا CAPTIVE دونوں ہم معانی وہم شکل ہیں۔

قِنہ ـــ نیزہ۔ اسی نسبت سے CANE بانس کو کہتے ہیں جو نیزے میں بطور دستہ مستعمل ہوتا ہے۔

قَط ـــ بلّی CAT (انگریزی میں T عربی کے ط۔ ت میں تبدیل ہوتا ہے۔)

کھف ـــ غار۔ انگریزی میں CAVE (کبھی کبھی انگریزی کی V عربی کی ف میں تبدیل ہوتی ہے۔)

اَقلیم ـــ ملک۔ علاقہ۔ CLINE کا وہی مقصد ہے۔

قلَص ـــ جمع قلوص۔ مختلف چیزوں کو اکٹھا کرنا CLOSE بند کرنا۔

کفن ـــ کفن COFFIN میّت کا تابوت۔

قومی ـــ قوم کا COMMUNITY کا بعینہٖ وہی معانی۔

قناعہ ـــ قانع ہونا CANTENT کسی کا محتاج نہ رہنا۔

قبہ ـــ گنبد۔ سر۔ محراب۔ COPE اسی معانی کو ادا کرتا ہے۔

جَرَم ـــ غلطی کرنا، گناہ کرنا CRIME وہی معانی۔

غُراب ـــ کوّا CROW کا وہی تشابہ

قِراء ـــ زور سے پڑھنا۔ CRY چلانا۔

قشرۃ ـــ چھلکا CRUST انگریزی میں اسی مقصد کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

کُوب ـــ پیالہ CUP۔

قرط ـــ دودھ کے حجم کو کم کر کے خشک کرنا۔ انگریزی میں CURT کہتے ہیں۔ اور CURD پنیر دہی کو بھی کہتے ہیں۔

قَطعُ۔ قَدّ ـــ کاٹنا۔ پھاڑنا۔ اسی مناسبت سے CUT ہے۔

دندل ـــ ہاتھوں کا ہلانا۔ DANDLE کا بھی یہی مفہوم ہے۔

ضیاء ـــ روشنی۔ دن۔ DAY (عربی کا ض انگریزی کے D کے مقابلہ میں آتا ہے۔)

کلیم ـــ بہت بحث کرنے والا DECLAIM کا بھی یہی مقصود ہے۔

دیت ـــ خون بہا DEPT قرض بدلہ۔

اندفع ـــ دور کرنا۔ DEFENCE اس کا مترادف ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



داج یا داجن — گھریلو جانور۔ اسی مناسبت سے DOG کتے کو کہتے ہیں۔

دَرَس — بوسیدہ کپڑا۔ اسی مناسبت سے DRESS لباس کو کہتے ہیں۔

دحر — دھکیلنا۔ ہانکنا DRIVE چلانا۔

دَون — پیچھے یا نیچے DOWN کا معنی بھی وہی ہے۔

دراھم — جمع درہم چاندی کا سکہ فی زمانہ عراقی درہم ۱/۲ روپے پاکستانی۔ انگریزی میں DRACHAM یا DRAM۔

ضَرع — دودھ والے جانور سے دودھ کھینچنا۔ انگریزی میں صرف کھینچنا کے معنی DRAW ہے۔

ضرائر — ضرر، مصیبت DREAR کا بھی وہی مفہوم ہے۔

دَرَف — کھینچنا۔ دھکیلنا۔ DRIFT وہی معانی۔

ضَرَبَ — مارنا DRUB وہی مفہوم۔

ضفار — بکواس۔ بکنے والا انسان DUFFAR نفس المعانی۔

ارض — زمین۔ انگریزی۔ EARTH۔

عیش — آرام وسکون سے رہنا۔ EASE بھی یہی معانی ادا کرتا ہے۔

ھب ھب — پانی کا آہستہ بہنا EBLE کا بھی تقریباً یہی معانی ہے۔

ابنوس — آبنوس۔ EBBONY۔

الفیل — ہاتھی۔ ELEPHANT (انگریزی میں "PH" ف کی آواز دیتی ہے۔)

عَلَوِیۃ — اعلیٰ۔ بلند ELEVATE کا یہی معانی ہے۔

امات — مروانا۔ (موت کے متعلق) روح سے خالی کروانا EMPTY۔

عِندَ — کنارے کے معانی میں آتا ہے۔ اور پاس کے معانی میں بھی انگریزی میں کنارے یا خاتمے کیلئے END کا لفظ آتا ہے۔

بَجَعَ — پھلنا پھولنا۔ خوش ہونا ENJOY لطف اندوز ہونا۔

عرّ — ننگا۔ عریانی۔ ERR غلطی کرنا حقیقت سے ننگا۔

استأم — کسی چیز کی قیمت لگانا۔ اشارہ کرنا ESTEEM اور ESTIMATE۔

ویل — ہلاکت جو برائی پر منتج ہو EVIL برائی۔

عین — آنکھ EYE۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فوت — ختم ہونا FEDE مرجھانا۔

فند — ضعیف العمری کے باعث ضعیف دل ہونا FAINT کمزور ہونا۔

باط — موٹا جسم FAT۔

فر — خوف کی وجہ سے بھاگنا FEAR خوف۔

افک — جھوٹ۔ افتراء FICTION جھوٹی روایت۔

فَرِثٌ — گوبر۔ نجاست FIETH کوڑا کرکٹ TH عربی میں ث کی آواز دیتا ہے۔ مثلاً CATHOLIC (کاثولک)

فِلو — بچھڑا۔ یہی مفہوم FILLY ادا کرتا ہے۔

فور — جوش مارنا۔ آگ کے ذریعے گرم ہونا۔ FIRE۔

فلق — پھاڑنا FLAKE جدا کرنا۔

فلطاح — پھیلاؤ والا FLOT اسی معانی کو اپنے اندر رکھتا ہے۔

فَرّ — اڑنا۔ بھاگنا۔ FLY۔

بنصر — دوسری انگلی۔ اسی نسبت سے انگریزی میں FINGER انگلی کو کہتے ہیں۔

فَلّۃٌ — لڑائی میں بھاگنا FLIGHT کا معانی بھی وہی ہے۔

بَرِیٌ — آزاد FREE آزاد۔

قریس — بَرْدٌ قَارِسٌ۔ سخت سردی۔ FREEZE کا معنی منجمد ہونا۔

برطع — کڑھنا FRET نفس المعانی۔

فَرّی — کپڑے کو پوستین سے رنگانا FUR کا وہی معانی ہے۔

فیور — تندمزاج FURRY وہی مقصد۔

جب — گڑھا۔ کنواں GAP خالی جگہ۔

جِنس — جنس GENUS وہی مطلب

جَرَمٌ — جسم اجرام فلکی (آسمانی اجسام) GERM بنیادی نرسری۔

زنجبیل — سونٹھ GINGER وہی مفہوم۔

جنات — جن کی جمع GAINT۔

جاریۃ — لڑکی GIRL (جرل)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ظلوم — اندھیرا GLOOM ظلمت۔ اندھیرا۔

جذوۃ — جلا۔ روشنی۔ GLOMY روشنی۔

جاء — آیا GO (جو) آنا۔

جواد — اللہ کا وہی نام GOD سخی خدا۔

جود — اچھا۔ فیاض۔ GOOD اچھا۔

جَرَد — تجرید کرنا، پوست نکالنا GRIND پیسنا۔ پوست نکالنا۔

غرس — اُگانا۔ GRASS اُگی ہوئی گھاس۔

جَرَدَ — ہموار زمین جرداء GROUND۔

قادۃ — لیڈر رہنما۔ GUIDE۔

جرجر — پانی چلنے کی آواز GURGLE پانی چلنے کی آواز۔

قیاس — اندازہ لگانا GUESS۔

هلیب — سخت سرد دن HAILE ژالہ۔ اولے۔

اهلاً — خوش آمدید HALLOW آؤ۔

هالة — چاند کا حلقہ HALLOW۔

عرد — سخت۔ HURD۔

حِدّت — گرمی۔ HEAT۔

حاج — باڑ۔ احاطہ۔ HEDGE۔

ارثة — انگیٹھی۔ HERTH چمنی۔ انگیٹھی۔

عرب — گھاس۔ HERB۔

ارث — وراثت۔ HERITAGE۔

هین — بُرا۔ HEINOUS هان۔ بُرا۔

حسحسۃ — سانپ کی آواز HIRS جانوروں کی ہلکی آواز۔

سطر — لکھنا۔ اساطیر کہانیاں HISTORY کہانی اور تاریخ (HISTORY) میں گہرا تناسب ہے۔

حور — سفید رنگ HOERY بالوں کا سفید ہونا۔

جزقف — ہچکی۔ HICOUGH۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فرس ـــ گھوڑا۔ HORSE ۔

قرن ـــ سینگ۔ HORN ۔

حر ـــ گرم HOT گرم حداد لوہار۔

خالی ـــ خالی HALLOW ۔

ہرول ـــ چلنے میں تیزی کرنا۔ HURL ۔

ہرع ـــ جلدی کرنا۔ HURRY ۔

عندیہ ـــ خیال۔ رائے۔ IDEA ۔

علیل ـــ بیمار ILL بیمار۔

اتسّم ـــ نقل کرنا۔ IMITATE ۔

أمن ـــ امن محفوظ ہونا۔ IMMUNS ذمہ داری سے بچنا۔

النفاذ ـــ سرایت کرنا INFUSE کا مفہوم بھی وہی ہے۔

نفس ـــ جمع انفاس۔ سیاہی۔ INK ۔

اثارة ـــ دوہرا ہونا۔ ITERATE دوہرا ہونا۔

جُہد ـــ کوشش JADE کا بھی یہی مفہوم ہے۔

جرّہ ـــ گھڑا۔ JAR مٹی کا برتن۔

جرك ـــ کھینچنا۔ JERK ۔

نال ـــ نیل۔ پانا۔ KNOWLEDY علم۔ حصول علم۔

قنف ـــ چاقو یا تلوار سے کسی چیز کو کاٹنا۔ KNIFE چاقو۔

جنس ـــ رشتہ دار۔ قریبی۔ KINS ۔

لک ـــ لاکھ۔ بارہلین LAC وہی معنی۔

ولید ـــ لڑکا LAD لڑکا۔

ولیدة ـــ لڑکی LADY شریف عورت۔

لہب ـــ شعلہ LAMP چراغ۔

لسب ـــ کوڑے LASH کوڑا لگانا۔

لغة ـــ زبان۔ LANGUAGE ۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



لین — نرم LEAN نرم۔

مریج — مَرَح — خوش MARRY۔

میو — بلی کی آواز MEW۔

مِلق — بچے کا ماں کا دودھ چوسنا۔ MILK دودھ۔

مَزَج — ملانا MIX ملاوٹ۔

انیقہ — خوبصورت عورت NICE نفس المطلب۔

عنق — گردن۔ NECK۔

نبل، نبالۃ — شرافت۔ NOBILITY۔

اَبْصر — دیکھنے والا۔ OBSERVE بصیرت رکھنے والا۔

عبد۔ عبودیہ — فرمانبرداری۔ OBEDIENT۔

احد — ایک ODD طاق ایک سے متعلق۔

عداوت — دشمنی۔ ODIUS دشمنی۔

عطور — خوش بو سے ODOUR خوشبو۔

فردوس — جنت PERADISE جنت فردوس۔

فاز — کامیاب۔ PASS۔

فلفل — مرچ سیاہ۔ PEPPER۔

بلغم — بلغم۔ PHELGM بلغم۔

باطۃ — کٹھالی۔ POT برتن۔

بَرِیٔ — پاک PURE خالص۔

بُس — بلّی۔ PUSS۔

ارنب — خرگوش RABBIT۔

ربل — مجمع ROBBLE مجمع مردان۔

رھبل — شور کرنا RABBLE شور کی وجہ سے کچھ نہ سمجھنا۔

رقعہ — کپڑے وغیرہ کا ٹکڑا۔ RAG وہی معنی۔

رِیئ — سیراب کرنا، بارش RAIN بارش۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



رَملا ـــ تیز چلنا RAMBLE چلنا پھرنا۔

رَأسَ ـــ سر سر پہ اٹھانا RISE اٹھانا۔

رَطَ ـــ بولنا۔ شور کرنا RATTLE چیخ کر بولنا۔

رَضِیَ ـــ تیار ہو۔ READY تیار ہونا۔

رَقَنَ ـــ باقی ماندہ حساب پر خط کھینچنا RECKON حساب کرنا۔

ریر ـــ موٹا تازہ ہونا REAR اٹھانا۔

وَرد ـــ سرخ رنگ کا گلاب RED سرخ رنگ۔

رَفضَ ـــ انکار REFUSE انکار۔

ربض، مربض ـــ آرام دینا۔ آرام کرنے کی جگہ REPOSE آرام کرنا۔

رُز ـــ چاول RICE چاول۔

رَدَّ ـــ رد کرنا RID دور کرنا۔

رِجل ـــ ایک سیارے کا نام RIGEL۔

حرب ـــ جنگ۔ لوٹ مار ROB لوٹ مار۔

رِفرف ـــ رفوف ـــ چھت۔ ROOF۔

رَاسِیَۃٌ ـــ جمع رواسی۔ پہاڑ ROCK سخت چٹان۔

ربطۃ ـــ رباط۔ رسی۔ باندھنا ROPE رسی۔

رھتاق ـــ دھقان RUSTIC دہقان۔

صُدمۃٌ ـــ غم۔ تکلیف۔ SAD غمگین۔

زعفران ـــ SAFFRAN زعفران۔

صون ـــ غلطی سے محفوظ SAME حفاظت۔

صیانیۃ ـــ حفاظت۔ SANITY۔

صب ـــ کسی سیال چیز کا اوپر سے گرانا۔ SAP۔

صلی ـــ صلاۃ ـــ دعا کرنا تابعداری کرنا SALUTE تابعداری کرنا۔

صفیر ـــ پکھراج۔ SAPHIRE کا یہی مفہوم ہے۔

سقر۔ صقیر ـــ کسی چیز کو جھلسوانا SCARCE وہی معانی۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سجیل، سجل ــــ مہر لگانا SEAL کا وہی معانی۔

سعیر ــــ جلتی آگ۔ SEAR۔

شکال ــــ زنجیر۔ ہاتھ کڑی SHACKLE زنجیر۔

ساق ــــ پنڈلی SHANK پنڈلی۔

شبیہ ــــ ہم شکل SHAPE شکل۔

شطر ــــ حصہ۔ کنارہ۔ SHATTER کاٹ کر حصے کرنا۔

شریف ــــ معزز آدمی (شریف مکہ) SHARIF کا وہی مقصد۔

سنا ــــ روشنی SHINE چمک SUN سورج۔

سفینہ ــــ کشتی SHIP جہاز SKIFF چھوٹی کشتی۔

سکاف ــــ موچی کا پیشہ SHOE جوتا۔

ستوط ــــ دوڑنا SHOOT دوڑنا۔ تیزی سے چلانا۔

صوت ــــ آواز SHOUT زور سے آواز نکلنا۔

صریخ ــــ چیخ و پکار SHRIEK۔

شن ــــ کسی پر حملہ کرنا۔ SHUN نفرت کرنا۔

سقیم ــــ بیمار SICK بیمار۔

شاط ــــ شاطیٔ کنارہ SIDE طرف کنارہ۔

سدّ ــــ بند کرنا SHUT بند کرنا۔

سلک ــــ رسی دھاگہ SILK ریشم۔

مثالی ــــ بطور مثال SIMILIO۔

شنع ــــ برا کام SIN گناہ۔

سِکٗ ــــ کنواں کھودنا۔ گہرا کرنا SINK ڈوبنا۔

اِستہ ــــ سیرین۔ بیٹھنے میں استعمال ہونے والا بدن کا حصہ SIT۔ SEAT۔

سِست ــــ چھ SIX چھ۔

سقایٔ ــــ پلانے والا بارش SKY اسی مناسبت سے آسمان کو کہتے ہیں۔

سلخ ــــ جانوروں کا چمڑا نکالنا SLAUTER ذبح کرنا۔

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



صلیقہ ــ روٹی کا ٹکڑا SLICE وہی معانی۔

سلۃ ــ سلت کاٹنا۔ SLIT ۔

سلیطۃ ــ بدزبان عورت SLUT بدوضع عورت۔

سمج ــ بدنما کرنا SUMUDGE بدنما کرنا۔

حقیر ــ نفرت وحقارت SNEER وہی معنی۔

سوف ــ سونگھنا SNUFF وہی معانی۔

صابون ــ SOUP صابون۔

شقیص ــ ساتھی جماعت والا SOCIETY سماج۔

صلح ــ زمین بے گیاہ SOIL ۔

سلوۃ ــ تسلی SOLACE تسلی دینا۔

صلد ــ مضبوط SOLID وہی معانی۔

عصفور ــ چڑیا SPARROW چڑیا۔

سالۃ ــ کسی چیز کا ردی حصہ STALE باسی ہوا۔

صدی ــ رکاوٹ بننا STAND کھڑا ہونا۔

سطوۃ ــ طاقت۔ حیوان کا حملہ کرنا STOUT کا وہی معنی۔

صبر ــ برداشت کرنا SUFFER برداشت۔

سلك ــ مصیبت میں پھنسنا SULK وہی معانی۔

سکر ــ شکر۔ چینی۔ SUGAR ۔

سما ــ بلندی SUMMIT چوٹی۔

سلعا ــ نگلنا SWALLOW نگلنا۔

سفوف ــ دوڑنے میں تیز SOFT نرم، جس پر آسانی سے دوڑ سکے۔

تلاوۃ ــ پڑھنا۔ بیان کرنا۔ TALE کہانی TELL بیان کرنا۔

طلق ــ آزادی سے بولنا TELK تکلم۔

طویل ــ لمبا TALL لمبا۔

ترجمہ ــ ایک زبان کے خیال کو دوسرے میں منتقل کرنا TERGUM ترجمہ۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تریاق ــ تریاق THERIAC تریاق۔

تَقتَن ــ زمین کو پانی دے کر موٹا کرنا۔ THICK - THICKEN ۔

دریس ــ غلے کا گاھنا THRUSH وہی معانی۔

ضفدع ــ مینڈک TOUD مینڈک۔

دَورۃ ــ گھومنا۔ پھرنا۔ TOUR دورہ۔

طریق ــ راستہ TRACK راستہ۔

ترافق ــ آپس میں ساتھی ہونا۔ TRAFFIC راستے میں یا تجارت میں ساتھی ہونا۔

تراک ــ ایک وقفہ کیلئے جنگ روکنا TRUCE کا وہی معانی۔

ھرج ــ تکلیف TRUDGE کسی تکلیف کو معلوم کرنا۔

توأم ــ جوڑا۔ TWIN ۔

طبع ــ چھاپنا TYPE چھاپنا۔

تارۃً ــ باری TURN باری۔

طوفان ــ طوفان TYPHOON طوفان۔

عم ــ چچا UNCLE وہی معانی۔

حرج ــ ہرج۔ اشتعال دلانا URGE اکسانا۔

عرب ــ شہری۔ URBAN شہر سے تعلق رکھنے والا۔

وادی ــ وادی۔ VALLY وادی۔

وَبَد ــ مفلس ہونا VAPIN بے روح ہونا۔

وسعۃ ــ وسیع VAST وہی معانی۔

بئس ــ برائی VICE برائی۔

وَیلم ــ چالباز VILLAN چالباز۔

ورش ــ بسیار خور VARACIOUS حریصانہ طریق سے کھانا۔

ویل ــ غم ہلاکت WAIL غم۔

وسط ــ کسی چیز کا درمیانی حصہ WAIST کا یہی معانی۔

وَلَق یا ولس ــ تیزی سے چلنا WALK چلنا۔

(باقی ص۶۱ پر)



© rasailojaraid.com